روحانی خزائن

تصنیفات

حضرت مرزا غلام احمد قادیانی

مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام

جلد ۱۵

مسیح ہندوستان میں۔ ستارہ قیصریہ۔ تریاق القلوب
تحفہ غزنویہ۔ روئداد جلسہ دعا

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی بابرکت تصانیف اس سے قبل رُوحانی خزائن کے نام سے ایک سیٹ کی صورت میں طبع ہو چکی ہیں لیکن ایک عرصہ سے نایاب ہونے کی وجہ سے اس بات کی شدت سے ضرورت محسوس کی جارہی تھی کہ اس رُوحانی مائدہ کو دوبارہ شائع کر کے تشنہ روحوں کی سیرابی کا سامان کیا جائے۔ اللہ تعالیٰ کا بیحد احسان ہے کہ اسکی دی ہوئی توفیق سے خلافت رابعہ کے بابرکت دور میں اب ان کتب کو دوبارہ سیٹ کی صورت میں شائع کیا جارہا ہے۔ یہ کتب اکثر چونکہ اُردو زبان میں ہیں اور اُردو دان طبقہ کی اکثریت پاکستان میں ہے اس لئے مناسب تو یہ تھا کہ ان کتب کی اشاعت بھی پاکستان میں ہوتی۔ لیکن ناگزیر مشکلات کی وجہ سے مجبوراً بیرون پاکستان سے ہی ان کی اشاعت کا فیصلہ کرنا پڑا۔

اس ایڈیشن کے سلسلہ میں چند امور قابل ذکر ہیں۔

ا۔ قرآنی آیات کے حوالے موجودہ طرز پر (نام سورۃ : نمبر آیت) نیچے حاشیہ میں دیئے گئے ہیں۔

ب۔ سابقہ ایڈیشن سے محض کتابت کی غلطیوں کی تصحیح کی گئی ہے۔

ج۔ ہاتھ سے لکھی ہوئی انگریزی عبارات کو صاف TYPE میں پیش کیا گیا ہے۔

خدا تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ سعید روحوں کو ان رُوحانی خزائن کے ذریعہ راہِ ہدایت نصیب فرمائے اور ہماری حقیر کوششوں کو قبولیت بخشے۔ آمین

خاکسار

الناشر

مبارک احمد ساقی ایڈیشنل ناظر اشاعت

۲۰ نومبر ۱۹۸۴ء

یہ رُوحانی خزائن کی پندرھویں جلد ہے جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتب "مسیح ہندوستان میں" "ستارہ قیصرہ" "تریاق القلوب" "تحفہ غزنویہ" اور "روئداد جلسہ دُعا" پر مشتمل ہے۔

مسیح ہندوستان میں

یہ کتاب آپ نے اپریل ۱۸۹۹ء میں تصنیف فرمائی اور اس کی عام اشاعت پہلی بار ۲۰ر نومبر ۱۹۰۸ء کو ہوئی۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی بعثت کا ایک عظیم الشان مقصد احادیث میں کسر صلیب یعنی صلیبی عقیدہ کا جس پر موجودہ عیسائیت کی بنیاد ہے باطل ثابت کرنا بیان کیا گیا ہے۔ اور وہ عقیدہ یہ ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام صلیب پر مر کر انسانوں کے لئے لعنتی بنے تا وہ انہیں شریعت کی لعنت سے آزاد کریں۔ چنانچہ پولوس لکھتا ہے:۔

"مسیح جو ہمارے لئے لعنتی بنا۔ اس نے ہمیں مول لے کر شریعت کی لعنت سے چھڑایا۔ کیونکہ لکھا ہے کہ جو کوئی لکڑی پر لٹکایا گیا وہ لعنتی ہے" [1]

اور لکھا ہے:۔

---

[1] گلتیوں ۳/۱۳ ۔

"اگر مسیح (مُردوں سے) جی نہیں اُٹھا تو ہماری منادی بھی بے فائدہ اور تمہارا ایمان بھی بے فائدہ" ؎۱

پس ضروری تھا کہ مسیح موعود جس کا عظیم الشان کام کسرِ صلیب قرار دیا گیا تھا۔ وہ اس صلیبی فتنہ کو پاش پاش کرتا۔ اور اس صلیبی عقیدہ کا جو مسئلہ کفارہ کی بنیاد ہے یا بالفاظ دیگر عیسائیت کی جان ہے۔ دلائل و براہین سے باطل ہونا ثابت کرتا۔ اس مسئلہ سے متعلق حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اگرچہ اپنی دوسری مؤلفات میں بھی ذکر فرمایا ہے۔ لیکن اس کتاب میں اس مسئلہ پر تفصیلی بحث کی ہے۔ حضرت اقدسؑ فرماتے ہیں:۔

"اس کتاب کا اصل مدعا عیسائیوں اور مسلمانوں کے اس عقیدہ کی غلطی کی اصلاح ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر زندہ چلے گئے ہیں۔ . . . اور کسی وقت آخری زمانہ میں پھر زمین پر نازل ہوں گے۔ ان دونوں فریق یعنی اہلِ اسلام اور مسیحیوں کے بیان میں فرق صرف اتنا ہے کہ عیسائی تو اس بات کے قائل ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے صلیب پر جان دی اور پھر زندہ ہو کر آسمان پر مع جسم عنصری چڑھ گئے اور اپنے باپ کے دائیں ہاتھ جا بیٹھے اور پھر آخری زمانہ میں دنیا کی عدالت کے لئے زمین پر آئیں گے۔ . . . اور ہر ایک آدمی جس نے اس کو یا اس کی ماں کو بھی خدا کر کے نہیں مانا پکڑا جائے گا اور جہنم میں ڈالا جائے گا۔ . . . مگر مسلمانوں کے مذکورہ بالا فرقے کہتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام مصلوب نہیں ہوئے اور نہ صلیب پر مرے۔ بلکہ اس وقت جبکہ یہودیوں نے ان کو مصلوب کرنے کے لئے گرفتار کیا۔ خدا کا فرشتہ ان کو مع جسم عنصری آسمان پر لے گیا۔ اور اب تک آسمان پر زندہ موجود ہیں۔ . . . اور وہ آخری زمانہ میں دو فرشتوں کے کندھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے دمشق کے منارہ کے قریب یا کسی اور جگہ اُتریں گے . . . . اور بجز ایسے شخص کے جو بلا توقف مسلمان ہو جائے اور کسی کو زندہ نہیں چھوڑیں گے" ؎۲

؎۱ ۱-کرنتھیوں ۱۵/۱۴ ؎۲ مسیح ہندوستان میں جلد ہذا صفحہ ۵-۶

اور فرماتے ہیں ۔

"اس کتاب کو میں اس غرض سے لکھتا ہوں کہ تا واقعات صحیحہ اور نہایت کامل اور ثابت شدہ تاریخی شہادتوں اور غیر قوموں کی قدیم تحریروں سے ان غلط اور خطرناک خیالات کو دُور کروں جو مسلمانوں اور عیسائیوں کے اکثر فرقوں میں حضرت مسیح علیہ السلام کی پہلی اور آخری زندگی کی نسبت پھیلی ہوئی ہیں۔"[1]

اور فرماتے ہیں ۔

"سو میں اس کتاب میں یہ ثابت کروں گا کہ حضرت مسیح علیہ السلام مصلوب نہیں ہوئے نہ آسمان پر گئے اور نہ کبھی امید رکھنی چاہیئے کہ وہ پھر زمین پر آسمان سے نازل ہوں گے بلکہ وہ ایک سو بیس برس کی عمر پاکر سرینگر کشمیر میں فوت ہو گئے اور سرینگر محلہ خانیار میں ان کی قبر ہے اور میں نے صفائی بیان کے لئے اس تحقیق کو دس باب اور ایک خاتمہ پر مشتمل کیا ہے" [2] (آگے ان کی تفصیل درج فرمائی ہے)

گو حضور کا ارادہ دس باب اور ایک خاتمہ لکھنے کا تھا مگر بعد میں صرف مندرجہ ذیل چار ابواب پر ہی اکتفا کی۔

باب اول۔ مسیح کے صلیبی موت سے بچنے پر انجیلی دلائل۔

باب دوم۔ اُن شہادتوں کے بیان میں جو حضرت مسیحؑ کے صلیبی موت سے بچ جانے کی نسبت قرآن و حدیث سے ملتی ہیں۔

باب سوم۔ اُن شہادتوں کے بیان میں جو طب کی کتابوں سے لی گئی ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام صلیب سے زندہ اُتر آئے اور ان کے زخموں کے علاج کے لئے ان کے حواریوں نے یہ مرہم تیار کی جس کا نام "مرہم عیسیٰ" ہے۔

باب چہارم۔ اُن شہادتوں کے بیان میں جو تاریخی کتب سے لی گئی ہیں۔ جن میں حضرت مسیح علیہ السلام کے واقعہ صلیب کے بعد اپنے ملک سے ان کے نصیبین۔ افغانستان۔ اور ہندوستان کی طرف ہجرت کرنے کا ذکر آتا ہے۔

---

[1] مسیح ہندوستان میں جلد ہذا صفحہ ۵-۶ ۔ [2] ایضاً صفحہ ۱۴-۱۵ ۔

اس باب میں حضرت اقدسؑ نے اسلامی لٹریچر، بُدھ مت کی کتابوں اور دیگر کتب تاریخ سے مسیحؑ کی سیاحت پر روشنی ڈالی ہے اور اس کتاب کے صفحہ ۶۸ پر اس راستہ کا نقشہ بھی دیا ہے۔ جو حضرت مسیح علیہ السلام نے یروشلم سے ہندوستان آنے کے لئے اختیار کیا تھا۔ اور یہ بھی ثابت کیا ہے کہ کشمیر اور افغانستان میں مسیحؑ کی کھوئی ہوئی بھیڑیں آباد تھیں جن کی ہدایت کے لئے اللہ تعالٰی نے انہیں مبعوث فرمایا تھا۔ اور تریاق القلوب میں حضرت اقدسؑ اس کتاب کے متعلق فرماتے ہیں:۔

"جو شخص میری کتاب "مسیح ہندوستان میں" اول سے آخر تک پڑھے گا گو وہ مسلمان ہو یا عیسائی یا یہودی یا آریہ۔ ممکن نہیں کہ اس کتاب کے پڑھنے کے بعد اس بات کا وہ قائل نہ ہو جائے کہ مسیح کے آسمان پر جانے کا خیال لغو اور جھوٹ اور افترا ہے" [۱]

الغرض یہ کتاب ایک نہایت اہم مسئلہ کی علمی تحقیق پر مشتمل ہے جو مسئلہ دنیا کی تین بڑی اقوام سے تعلق رکھتا ہے یعنی یہودی، عیسائی اور مسلمان۔ اور اب اللہ تعالٰی کے فضل سے جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اس کتاب میں فرمایا تھا کہ اس پیشگوئی میں کہ مسیح موعود کسر صلیب کرے گا یہی اشارہ تھا:۔

"کہ مسیح موعود کے وقت میں خدا کے ارادہ سے ایسے اسباب پیدا ہو جائیں گے جن کے ذریعہ سے صلیبی واقعہ کی اصل حقیقت کُھل جائے گی تب انجام ہوگا اور اس عقیدہ کی عمر پوری ہو جائے گی" [۲]

چنانچہ اس کتاب سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے میں نے اثنائے قیام لندن میں اسی موضوع پر ایک کتاب لکھی تھی جس کا نام ہے۔ "WHERE DID JESUS DIE?" اس وقت تک اس کتاب کے چار ایڈیشن نکل چکے ہیں اور ملیالم اور ڈچ زبانوں میں بھی اس کا ترجمہ چھپ چکا ہے۔ فرانسیسی زبان میں بھی ترجمہ ہو چکا ہے۔ اس کتاب میں مَیں نے بعض ان کتب اور شہادات کا ذکر کیا ہے جو اس زمانہ میں اللہ تعالٰی نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی تائید میں صلیبی عقیدہ کے بطلان کے لئے ظاہر کی ہیں۔ اور اب ہندو اور عیسائی محققین بھی اس نظریہ کی صحت کو تسلیم کرنے لگے ہیں کہ مسیحؑ صلیب پر نہیں مرے تھے بلکہ زندہ اُتارے گئے تھے۔

[۱] جلد ہذا صفحہ ۱۴۵۔ [۲] مسیح ہندوستان میں صفحہ ۶۴۔

اور اناجیل سے متعلق یورپ اور امریکہ کے محققین نے یہ اعتراف کیا ہے کہ اناجیل کے وہ مقامات جن میں حضرت مسیحؑ کے آسمان پر اُٹھائے جانے کا ذکر ہے یقیناً الحاقی ہیں اور امریکہ میں بعد تحقیق و تمحیص جو اناجیل شائع کی گئی ہیں ان میں سے وہ آیات نکال دی گئی ہیں۔

ستارۂ قیصرہ

یہ رسالہ ۲۴ر اگست ۱۸۹۹ء کو شائع ہوا۔ اس رسالہ میں آپ نے اسی مضمون کا نئے پیرایہ میں اعادہ کیا ہے جو تحفہ قیصرہ میں لکھا تھا۔ اور درحقیقت یہ رسالہ تحفہ قیصرہ کی یاد دہانی ہے۔ اس میں بھی انگریزی حکومت کی مذہبی رواداری اور مذہبی آزادی کا جو سب مذاہب کو اس نے یکساں طور پر دی ہوئی تھی ذکر کرتے ہوئے صلیبی عقیدہ کی نہایت احسن پیرایہ میں تردید فرمائی ہے اور اپنے مسیح موعود ہونے کا دعویٰ پیش کیا ہے۔

تریاق القلوب

تریاق القلوب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی ایک نہایت ہی بلند پایہ تصنیف ہے۔ بابو الٰہی بخش اکونٹنٹ جو پہلے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے معتقدین میں سے تھے اور بعد میں آپ سے منحرف ہو گئے تھے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے ان کے اوہام اور وساوس کو دُور کرنے کے لئے ۱۸۹۸ء میں رسالہ **ضرورۃ الامام** لکھا مگر وہ اس کے بعد اپنی اصلاح کرنے کی بجائے جادۂ رشد و ہدایت سے اور بھی دُور ہو گئے اور الحکم ۲ر اگست ۱۸۹۹ء کے مطابق اس نے اپنے چند ساتھیوں منشی عبد الحق پنشنر اکاؤنٹنٹ خاں بہادر فتح علیشاہ صاحب ڈپٹی کلکٹر اور حافظ محمد یوسف صاحب ضلعدار نہر سے مل کر ایک فتنہ کی طرح ڈالی۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے انہیں دو خط لکھے۔ دوسرا خط ۱۶ر جون ۱۸۹۹ء کو بھیجا۔ جس میں آپ نے تحریر فرمایا:۔

"پھر اخیر میں خدا تعالیٰ کی قسم آپ کو دیتا ہوں کہ آپ وہ مخالفانہ پیشگوئیاں جو میری

نسبت آپ کے دل میں ہوں لکھ کر چھاپ دیں۔ اب دس دن سے زیادہ میں آپکو مہلت نہیں دیتا۔ جُون مہینے کی تیس تاریخ تک آپ کا اشتہار مخالفانہ پیشگوئیوں کا میرے پاس آجانا چاہیئے ورنہ یہی کاغذ چھاپ دیا جائے گا اور پھر آئندہ آپ کو کبھی مخاطب کرنا بھی بے فائدہ ہوگا" [1]

اس خط کے جواب میں منشی الٰہی بخش صاحب نے جولائی ۱۸۹۹ء کے پہلے ہفتہ میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو ایک خط لکھا جس میں حضور اور سلسلہ احمدیہ کے خلاف دو ایک پیشگوئیاں بھی درج تھیں اس خوف سے کہ لوگوں پر حق و باطل مشتبہ ہو کر نہ رہ جائیں۔ جولائی ۱۸۹۹ء کے آخر میں آپنے تریاق القلوب کتاب لکھنا شروع کی۔ اس میں آپ نے ایک فارسی قصیدہ میں مرد کامل کی صفات بیان فرما کر ان آسمانی نشانات کا ذکر فرمایا جو اللہ تعالیٰ نے آپ کی تائید میں ظاہر فرمائے تھے اور تمام اہل مذاہب کو نشان نمائی میں مقابلہ کی دعوت دیتے ہوئے یہ اصل پیش کیا۔

"ہر ایک مذہب جو خدا تعالیٰ کی طرف سے ہو کر اپنی سچائی پر قائم ہوتا ہے اس کے لئے ضرور ہے کہ ہمیشہ اس میں ایسے انسان پیدا ہوتے رہیں جو اپنے پیشوا اور ہادی اور رسُول کے نائب ہو کر یہ ثابت کریں کہ وہ نبی اپنی روحانی برکات کے لحاظ سے زندہ ہے فوت نہیں ہوا۔ کیونکہ ضرور ہے کہ وہ نبی جس کی پیروی کی جائے جس کو شفیع اور منجی سمجھا جائے وہ اپنی روحانی برکات کے لحاظ سے ہمیشہ زندہ ہو" [2]

اور فرمایا۔

"خدا تعالیٰ نے ایک طرف تو مجھے آسمانی نشان عطا فرمائے ہیں اور کوئی نہیں کہ ان میں میرا مقابلہ کر سکے اور دنیا میں کوئی عیسائی نہیں کہ جو آسمانی نشان میرے مقابل پر دکھلا سکے" [3]

اور مسلمان فقراء، صُوفیاء اور مشائخ جو آپ کے دعویٰ کے مصدق نہیں تھے۔ ان کیلئے مقابلہ کا یہ سہل طریق بتایا۔

"کہ ایک مجمع مقرر کر کے کوئی ایسا شخص جو میرے دعویٔ مسیحیت کو نہیں مانتا اور اپنے تئیں ملہم اور صاحب الہام جانتا ہے۔ مجھے مقام بٹالہ یا امرتسر یا لاہور میں

---

[1] تشحیذ الاذہان مارچ ۱۹۱۲ء صفحہ ۴۱-۴۶ • [2] جلد ہذا صفحہ ۱۳۸ • [3] جلد ہذا صفحہ ۱۶۷-۱۶۸ •

طلب کرے اور ہم دونوں جناب الٰہی میں دعا کریں کہ جو شخص ہم دونوں میں جناب الٰہی میں سچا ہے۔ ایک سال میں کوئی عظیم الشان نشان جو انسانی طاقتوں سے بالاتر اور معمولی انسانوں کی دسترس سے بلند تر ہو اس سے ظہور میں آوے۔ . . . . .
پھر اس دعا کے بعد ایسا شخص جس کی کوئی خارق عادت پیشگوئی یا اور کوئی عظیم الشان نشان ایک برس کے اندر ظہور میں آجائے اور اس عظمت کے ساتھ ظہور میں آئے جو اس مرتبہ کا نشان حریف مقابل سے ظہور میں نہ آسکے تو وہ شخص سچا سمجھا جائیگا جس سے ایسا نشان ظہور میں آیا اور پھر اسلام میں سے تفرقہ دور کرنے کے لئے شخص مغلوب پر لازم ہوگا کہ اس شخص کی مخالفت چھوڑ دے اور بلا توقف اور بلا تأمل اس کی بیعت کرلے اور اس خدا سے جس کا غضب کھا جانے والی آگ ہے ڈرے" [۱]

پھر آپ نے **الہام شیطانی** اور **الہام ربانی** میں یہ فرق بتایا کہ

"ہر ایک شخص کا الہام جو نرے الفاظ ہوں اور کوئی فوق العادت امر ان میں نہ ہو۔ خدا تعالیٰ کی طرف سے نہیں ہو سکتا۔ اور کوئی الہام ہرگز ہرگز قابل پذیرائی نہیں جب تک کہ اس میں الٰہی شوکت نہ ہو۔ اور الٰہی شوکت یہ ہے کہ فوق العادت اور عظیم الشان پیشگوئیاں جو اُلوہیت کی قدرت اور علم سے بھری ہوئی ہوں۔ اس الہام میں پائی جائیں۔ یا دوسرے الہاموں میں جو اُس شخص کے مُنہ سے نکلے ہوں اور بایں ہمہ یہ شرط بھی ہوگی کہ اس مجلس کے انعقاد سے دس دن پہلے بذریعہ چھپے ہوئے اشتہار کے مجھ کو خبر دی جائے کہ ان تینوں مقامات متذکرہ میں سے فلاں مقام اور نیز فلاں تاریخ اور وقت اس کام کے لئے تجویز کیا گیا ہے۔ اس اطلاع دہی کے اشتہار پر بیس معزز اور نامور علماء اور شہر کے رئیسوں کے دستخط ہونے چاہئیں تا ایسا نہ ہو کہ کوئی سفلہ محض ہنسی اور شرارت سے ایسا اشتہار شائع کردے" [۳]

یہ مضمون آپ نے یکم اگست ۱۸۹۹ء [۲] تک لکھ لیا۔ اس کے بعد آپ نے ضمیمہ رسالہ تریاق القلوب کے طور پر لیکھرام کی پیشگوئی کا ذکر کر کے اس میں چار ہزار مصدقین میں سے جنہوں نے اپنے دستخط

---

[۱] جلد ہذا صفحہ ۱۷۰ ۔ [۲] جلد ہذا صفحہ ۱۷۰-۱۷۱ ۔ [۳] جلد ہذا صفحہ ۱۷۱ ۔

سے اس پیشگوئی کے پُورا ہونے کی تصدیق کی تھی، ۲۷۹ نام بطور نمونہ درج کئے۔[۱] اور ضمیمہ تریاق القلوب ۲ میں ان نشانوں کا ذکر فرمایا جو ۲۰؍اگست ۱۸۹۹ء تک ظہور میں آچکے تھے۔ اور ضمیمہ ۳ میں "گورنمنٹ عالیہ میں ایک درخواست" مرقومہ ۲۷؍ستمبر ۱۸۹۹ء اور ضمیمہ ۴ میں ایک الہامی پیشگوئی کا اشتہار مرقومہ ۲۲؍اکتوبر ۱۸۹۹ء اور ضمیمہ ۵ میں " اس عاجز غلام احمد قادیانی کی آسمانی گواہی طلب کرنے کے لئے ایک دعا اور حضرت عزت سے اپنی نسبت آسمانی فیصلہ کی درخواست " مرقومہ ۵ نومبر ۱۸۹۹ء اور "اشتہار واجب الاظہار" مرقومہ ۴؍نومبر ۱۹۰۰ء درج فرمائے۔ اس آخری اشتہار میں آپ نے اپنی جماعت کا نام "مسلمان فرقہ احمدیہ" آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے جمالی نام احمدؐ کی بنا پر رکھا۔[۲]

زمانہ تالیف

یاد رہے کہ تریاق القلوب کا زمانہ تالیف سوائے " اشتہار واجب الاظہار" کے جو ۴؍نومبر ۱۹۰۰ء کا ہے ۱۸۹۹ء ہے نہ کہ ۱۹۰۲ء جیسا کہ ٹائٹل پیج اور ضمیمہ ۲ کے اخیر میں لکھا گیا ہے اور اصل حقیقت جیسا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے اپنی کتاب حقیقۃ النبوۃ[۳] میں حقائق واقعیہ اور دلائل قاطعہ کی رُو سے تحریر فرمایا ہے، یہ ہے :-

> " تریاق القلوب ۱۸۹۹ء میں لکھی جانی شروع ہوئی اور جنوری ۱۹۰۰ء تک بالکل تیار ہو چکی تھی۔ لیکن چونکہ ان دنوں ایک دفعہ نصیبین جانے والا تھا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے ایک عربی رسالہ لکھنا شروع کر دیا اور اس کی اشاعت رُک گئی۔ ۱۹۰۲ء میں جبکہ کتب خانہ کا چارج حکیم فضل الدین صاحب رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں تھا تو آپ نے حضرت مولوی نورالدین صاحب خلیفہ اول رضی اللہ عنہ سے عرض کی کہ بعض کتب بالکل تیار ہیں لیکن اس وقت تک شائع نہیں ہوئیں۔ آپ حضرت مسیح موعودؑ سے عرض کریں کہ ان کے شائع کرنے کی اجازت فرمادیں۔ چنانچہ آپ نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے عرض کیا اور حضور نے اجازت دے دی۔ تریاق القلوب ساری چھپ چکی تھی اور صرف ایک صفحہ کے قریب مضمون اور بڑھا دیا

---

[۱] جلد ہذا صفحہ ۱۷۲-۱۹۱ ۔ [۲] جلد ہذا صفحہ ۵۲۷ ۔ [۳] حقیقۃ النبوۃ مطبوعہ ۱۹۲۵ء صفحہ ۲۴-۳۲

اور کل دو صفحہ آخر میں لگا کر (یعنی ضمیمہ ۵ کے آخر میں۔ شمس) کتاب شائع کر دی گئی"
چنانچہ تریاق القلوب کے کاتب حضرت پیر منظور محمد رضی اللہ عنہ نے یہ حلفیہ شہادت دی کہ
"تریاق القلوب صفحہ ۱۵۸ تک (جلد ہذا کے صفحہ ۴۸۳ تک۔ شمس) میرے ہاتھ کی لکھی
ہوئی ہے۔ یہاں تک لکھنے اور چھپنے کے بعد تریاق القلوب بہت مدت تک چھپنے اور
شائع ہونے سے رُکی رہی۔ پھر اس کے بعد جب اس کتاب کی اشاعت ہونے لگی۔
تو آخری کاپی سے بچا ہوا کچھ مضمون میرے پاس پڑا ہوا تھا۔ جو قریب ایک صفحہ کے
تھا۔ وہ میں نے حکیم فضل الدین صاحب مرحوم کو دے دیا۔ جو دوسرے کاتب
سے لکھوایا گیا۔ چھپنے کے بعد جب میں نے دیکھا تو اس بچے ہوئے مضمون کے ساتھ ایک
صفحہ اور بڑھا کر (یعنی صفحہ ۱۶۰ اور جلد ہذا کا صفحہ ۴۸۵-۴۸۶۔ شمس) کتاب کو
ختم کر دیا گیا تھا۔ میں حلفیہ کہتا ہوں کہ تمام تریاق القلوب میں صرف ٹائٹل کا صفحہ
اور صفحہ ۱۵۹ اور صفحہ ۱۶۰ یعنی کل تین صفحے دوسرے کاتب سے لکھے ہوئے ہیں
اور باقی کل تریاق القلوب مع ضمیمہ ۳ و ضمیمہ ۴ و ضمیمہ ۵ میرے ہاتھ کی
لکھی ہوئی ہے۔"
اور حضرت کرم علی کاتب رضی اللہ عنہ نے یہ حلفیہ شہادت دی۔
"میں حلفیہ کہتا ہوں کہ تریاق القلوب میں صرف ٹائٹل کا صفحہ اور صفحہ ۱۵۹ اور
صفحہ ۱۶۰ میرے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے۔ . . . . . اور حکیم فضل الدین صاحب
مرحوم نے مجھے مضمون دیا تھا کیونکہ ان دنوں میں ان کے ماتحت کام کرتا تھا۔ اور
اس سے پہلے تریاق القلوب صفحہ ۱۵۸ تک مدت سے چھپی ہوئی پڑی تھی۔ جب
میں نے ٹائٹل پیج اور آخری ورق لکھا تو یہ کتاب شائع ہوئی۔"
اور حضرت مرزا محمد اسمٰعیل بیگ رضی اللہ عنہ جو اس وقت پریس مین تھے ان کی شہادت یہ ہے کہ
"تریاق القلوب میں نے چھاپی اور چھپ کر ایک مدت تک پڑی رہی۔ پھر اکتوبر
۱۹۰۲ء میں ٹائٹل اور صرف آخری ورق یعنی صفحہ ۱۵۹ تا صفحہ ۱۶۰ چھاپ کر اُسے
شائع کر دیا گیا" [1]

[1] حقیقۃ النبوۃ مطبوعہ ۱۹۲۵ء صفحہ ۲۸۔

اور اسی کے مطابق حضرت میر مہدی حسین رضی اللہ عنہ خادم المسیح الموعود مہاجر قادیانی اور حضرت مولوی سید سرور شاہ رضی اللہ عنہ اور حضرت یعقوب علی عرفانی رضی اللہ عنہ ایڈیٹر الحکم نے شہادتیں دیں[1]

اس دعویٰ کی صحت پر حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے اور بھی دلائل دیئے ہیں۔ جن میں سے ایک یہ ہے کہ کشتی نوح جو ۵؍اکتوبر ۱۹۰۲ء کو شائع ہوئی۔ اس میں آپ فرماتے ہیں

"مثیل موسیٰ موسیٰ سے بڑھ کر اور مثیل ابن مریم ابن مریم سے بڑھ کر" [2]

اور فرماتے ہیں:۔

"خدا نے مجھے خبر دی ہے کہ مسیح محمدی مسیح موسوی سے افضل ہے" [3]

اسی طرح الحکم ۱۰؍اکتوبر ۱۹۰۲ء صفحہ ۱۱ میں "یکم اکتوبر کی سیر" کی ڈائری میں لکھا ہے:۔

"مجھے یہ معلوم کرایا گیا ہے کہ محمدی سلسلہ کا خاتم الخلفاء موسوی سلسلہ کے خاتم الخلفاء سے بڑھ کر ہے"

اسی طرح رسالہ **دافع البلاء** میں جو ۲۳؍اپریل ۱۹۰۲ء کو شائع ہوا تھا۔ آپ نے اپنے آپ کو مسیح ناصری سے افضل قرار دیا ہے۔ لیکن تریاق القلوب صفحہ ۱۵۷ پہلا ایڈیشن اور اس جلد کے صفحہ ۴۸۱ میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں۔

"اس جگہ کسی کو یہ وہم نہ گذرے کہ اس تقریر میں اپنے نفس کو حضرت مسیح پر فضیلت دی ہے کیونکہ یہ ایک جزئی فضیلت ہے جو غیر نبی کو نبی پر ہو سکتی ہے"

پس اگر یہ تسلیم کیا جائے کہ آپ نے یہ تحریر ۲۵؍اکتوبر ۱۹۰۲ء کو لکھی تھی اور کشتی نوح میں اس سے بیس دن پہلے آپ تحریر فرما چکے تھے کہ مسیح محمدی مسیح موسوی سے افضل ہے تو آپ تریاق القلوب میں بیس دن بعد اس کے خلاف کیونکر لکھ سکتے تھے۔ پس حقیقت یہی ہے کہ تریاق القلوب کا یہ صفحہ بھی ۱۸۹۹ء کا لکھا ہوا تھا نہ کہ ۱۹۰۲ء کا۔

اور تریاق القلوب سے بھی ظاہر ہے کہ یہ کتاب ۱۸۹۹ء میں لکھی گئی تھی۔ اصل کتاب جو جلد ہذا کے صفحہ ۱۷۱ پر ختم ہوئی ہے۔ اس کے آخر میں اس کے لکھے جانے کی تاریخ یکم اگست ۱۸۹۹ء لکھی ہے۔ اور اس جلد کے صفحہ ۴۹۴ اور ایڈیشن اوّل کے صفحہ ۱۲۷ میں آپ تحریر فرماتے ہیں:۔

---

[1] حقیقۃ النبوۃ صفحہ ۲۹ تا ۳۱۔ [2] کشتی نوح صفحہ ۱۳۔ [3] کشتی نوح صفحہ ۱۶۔

" اب اس وقت تک کہ ۵؍ دسمبر ۱۸۹۹ء ہے "

گویا ۱۲۷ صفحات ایڈیشن اوّل کے ۵؍ دسمبر ۱۸۹۹ء تک لکھے جا چکے تھے اور اس وقت آپ آگے لکھ رہے تھے۔ اور دوسرے ضمیموں کی تاریخیں اُوپر ذکر کی جا چکی ہیں۔ پس تریاق القلوب سے اندرونی شہادت بھی یہی ظاہر کرتی ہے کہ یہ کتاب دسمبر ۱۸۹۹ء میں مکمل ہو چکی تھی۔ جب ۱۹۰۲ء میں اس کی اشاعت کا وقت آیا تو اس وقت صرف آخری صفحہ ضمیمہ ۳ کا آپ نے ۲۵؍ اکتوبر ۱۹۰۲ء کو تحریر فرمایا۔ چونکہ آپ کا ارادہ تریاق القلوب میں سو سے زیادہ نشانات ذکر کرنے کا تھا۔ لیکن اس اثنا میں آپ کتاب نزول المسیح کی تصنیف شروع فرما چکے تھے۔ اس لئے ضمیمہ ۳ کی آخری سطور میں آپ نے فرمایا:-

" اور واضح ہو کہ اس کتاب کا وہ حصہ جس میں پیشگوئیاں ہیں پورے طور پر شائع نہیں ہوا۔ کیونکہ کتاب نزول المسیح نے اس سے مستغنی کر دیا جس میں ڈیڑھ سو پیشگوئی درج ہے۔ خدا نے جو چاہا وہی ہوا۔ " [۱]

تحفہ غزنویہ

رسالہ تحفہ غزنویہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے مولوی عبدالحق غزنوی کے ایک اشتہار کے جواب میں لکھا۔ جس میں اس نے سخت زبانی اور ٹھٹھا اور ہنسی کی تھی۔ حضرت اقدس اس اشتہار سے متعلق فرماتے ہیں:-

" یہ اشتہار دو رنگ کے حملوں پر مشتمل ہے۔ اوّل میاں عبدالحق نے بعض گذشتہ نشانوں اور پیشگوئیوں کو جو فی الواقع پوری ہو چکیں یا جو عنقریب پوری ہونے کو ہیں پیش کر کے عام لوگوں کو یہ دھوکہ دینا چاہا ہے کہ گویا وہ پوری نہیں ہوئیں " [۲]

" دوسرا حملہ میاں عبدالحق کا یہ ہے کہ وہ تجویز جو میں نے خدا تعالیٰ کے الہام

---

[۱] جلد ہذا صفحہ ۴۸۶۔ [۲] جلد ہذا صفحہ ۵۳۴۔

سے بطور حجت پیش کی تھی جس کو میں اس سے پہلے بذریعہ اشتہار
شائع کرچکا تھا یعنی بیماروں کی شفا کے ذریعہ سے استجابت دعا کا مقابلہ
اس تجویز کو میاں عبدالحق منظور نہیں فرماتے اور یہ عذر کرتے ہیں کہ
بھلا سارے مشائخ اور علمائے ہندوستان و پنجاب کس طرح جمع ہوں
اور ان کے اخراجات کا کون متکفل ہو" [۱]

ان دونو قسم کے حملوں کا دندان شکن جواب حضرت اقدس علیہ السلام نے اس رسالہ میں دیا ہے۔ اور میاں عبدالحق سے جو مباہلہ ہوا تھا اس کے بعد جو اللہ تعالےٰ کی تائیدات ترقی جماعت اور ظہور نشانات سماوی اور مالی فتوحات وغیرہ کی صورت میں آپ کو حاصل ہوئیں ان کا تفصیل سے ذکر فرمایا ہے۔ اور مولوی عبداللہ غزنوی مرحوم کے اس ارشاد کا بروایت منشی محمد یعقوب ذکر فرمایا ہے کہ

"ایک نور آسمان سے اُترا ہے اور وہ مرزا غلام احمد قادیانی ہے" [۲]

اور بروایت حافظ محمد یوسف ان کے اس کشف کا بھی ذکر فرمایا ہے کہ

"ایک نور آسمان سے گرا اور وہ قادیان پر نازل ہوا اور میری اولاد اس سے محروم رہ گئی" [۳]

اور انہیں مقابلہ کے لئے دعوت دیتے ہوئے آپ نے فرمایا:-

"اگر آیت فلمّا توفیتنی کے معنے بجز مارنے اور ہلاک کرنے کے
کسی حدیث سے کچھ اور ثابت کرسکو یا کسی آیت یا حدیث سے حضرت عیسٰی علیہ السلام کا
مع جسم عنصری آسمان پر چڑھنا یا مع جسم عنصری آسمان سے اُترنا ثابت کرسکو۔ یا اگر
اخبار غیبیہ میں جو خدا تعالیٰ سے مجھ پر ظاہر ہوتی ہیں۔ میرا مقابلہ کرسکو۔
یا استجابت دُعا میں میرا مقابلہ کرسکو۔ یا تحریر زبان عربی میں میرا مقابلہ

---

[۱] جلد ہذا صفحہ ۵۳۸-۵۳۹ ؛ [۲] جلد ہذا صفحہ ۵۴۶ ؛ [۳] جلد ہذا صفحہ ۵۶۵۔

کرسکو اور آسمانی نشانوں میں جو مجھے عطا ہوتے ہیں ، میرا مقابلہ کر سکو۔
تو میں جھوٹا ہوں۔ آپ لوگ ان سوالات کے وقت مُردہ کی طرح ہو گئے
یہی وجہ تو ہے کہ آپ لوگوں کو چھوڑ کر ہزارہا نیک مرد اور عالم فاضل اس
جماعت میں داخل ہوتے جاتے ہیں" [1]

یہ رسالہ لکھا تو سنہ ۱۹۰۰ء میں گیا تھا مگر اس کی اشاعت ۳ر اکتوبر سنہ ۱۹۰۲ء کو ہوئی

روئداد جلسہ دُعا

۲ر فروری سنہ ۱۹۰۰ء کو عید الفطر کے روز حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی تحریک پر سرکار برطانیہ کی کامیابی کے لئے دُعا کے واسطے ایک عام جلسہ منعقد ہوا۔ جس میں قادیان اور قریبی دیہات کے علاوہ افغانستان، عراق، مدراس، کشمیر اور ہندوستان کے مختلف اضلاع کے باشندے ایک ہزار کی تعداد میں حاضر ہوئے۔ قادیان کے غربی جانب قدیمی عیدگاہ میں عید کی نماز ادا کی گئی۔ حضرت مولوی نورالدین رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے عید الفطر کی نماز پڑھائی۔ اور نماز کے بعد حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے ایک نہایت لطیف اور مؤثر خطبہ پڑھا۔ جس میں سورۃ "النّاس" کی لطیف اور پُر از نکات و معارف تفسیر بیان کرتے ہوئے حکام مجازی کے حقوق کا ذکر فرمایا اور گورنمنٹ برطانیہ کے احسانات کی وجہ سے اس کی وفاداری کے لئے تلقین فرمائی۔ اور خطبہ عید کے بعد ٹرانسوال کی جنگ میں انگریزوں کی فتح کے لئے دعا کی تحریک فرما کر مجمع سمیت جوش و خلوص سے دُعا کی۔ اور اسی مناسبت سے یہ تقریب "جلسہ دُعا" کے نام سے موسوم کی گئی۔ اور مجروحین افواج برطانیہ کے لئے چندہ بھیجنے کی بھی پُر زور تحریک فرمائی۔ اور جب پانچ سَو روپیہ چندہ جمع ہو گیا تو وہ گورنمنٹ کے متعلقہ محکمہ کو بھیجدیا گیا۔

آخر میں ہم اللہ تعالیٰ سے جس نے اس زمانہ کی ہدایت کے لئے از راہ فضل و ترحّم حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو مبعوث فرمایا، نہایت تضرّع اور عاجزی اور زاری سے دعا کرتے ہیں۔ کہ

---

[1] جلد ہذا صفحہ ۳۴۴ ۔

وہ ان رُوحانی خزائن کے قارئین کو ہر قسم کے روحانی اور جسمانی انعامات عطا فرمائے۔ اور اپنے خاص فضل اور رحمت کا وارث بنائے اور یہ رُوحانی خزائن اُن کے لئے اور اُن کی آئندہ نسلوں کے لئے دائمی خیر و برکت کا موجب ہوں۔ آمین۔

اب ہم ذیل میں اس جلد کا انڈکس بصورت خلاصہ مطالب درج کرتے ہیں۔

خاکسار

جلال الدین شمس

۲ر نومبر ۱۹۶۴ء

اِنڈیکس مضامین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ — نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

انڈکس رُوحانی خزائن جلد ۱۵

بصورت خُلاصہ مضامین

(مرتبہ مولانا جلال الدین صاحب شمس)

(ا) کہ ایک برکت اور رحمت اور اعزاز کا نشان ظاہر ہوگا اور الہام ایک عزت کا خطاب۔ ایک بڑا نشان اس کے ساتھ ہوگا ص ۵۰۱

(ب) اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو خطاب ملتا ہے وہ اپنے اندر حقیقت رکھتا ہے۔ پھر دو خوابیں مع تعبیر ذکر فرمائی ہیں ص ۵۰۲ - ۵۰۶

نیز دیکھو "خطاب" اور "رؤیا"

۲- "اس عاجز غلام احمد قادیانی کی آسمانی گواہی طلب کرنے کے لئے ایک دُعا اور حضرت عزت سے اپنی نسبت آسمانی فیصلہ کی درخواست" ص ۵۰۷ - ۵۱۲

۳- اشتہار "اپنی جماعت کے لئے اطلاع" ص ۵۱۳ - ۵۱۶

۴- "اشتہار واجب الاظہار" اپنی جماعت کے لئے اور گورنمنٹ عالیہ کی توجہ کے لئے" اور سلسلہ کے لئے "مسلمان فرقہ احمدیہ" کے نام کی تجویز ص ۵۱۷ - ۵۲۸

۵- "اپنی جماعت کے لئے ایک ضروری اشتہار" ص ۶۲۴

اعتراضات

(ا) اصولی بات۔

ایسا اعتراض کرنا جو دوسرے پاک نبیوں بلکہ ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر بھی وہی اعتراض آوے مسلمانوں اور نیکوں کا کام نہیں ص ۱۵۵

(ب) عبدالحق غزنوی کے اعتراضات اور اُن کے جوابات

۱- عبدالحق غزنوی کے اس اعتراض کا جواب کہ استجابت دعا میں مقابلہ بذریعہ بیماروں کی شفا کے جو تجویز پیش کی ہے وہ اس لئے لائق قبول نہیں کہ بھلا سارے مشائخ پنجاب، ہندوستان کے کس طرح جمع ہوں اور ان کے اخراجات کا کون متکفل ہو ص ۵۳۸ - ۵۳۹

۲- ٹھٹھے اور ہنسی سے ایک نشان مانگا ہے کہ فلاں صحابی (مراد مولوی عبدالکریم صاحبؓ) کی ٹانگ کمزور ہے وہ درست ہو جائے اور بصارت ٹھیک نہیں وہ ٹھیک ہو جائے اور اس کا جواب کہ مکہ کے لوگوں نے بھی ایسے ہی نشان مانگے تھے ان کی مثالیں حضرت عیسیٰ سے بھی ایسے نشان مانگے گئے۔ مانگنے والوں کو انہوں نے بد اور حرامکار قرار دیا۔ یہ ایک اوباشانہ طریق ہے ص ۵۳۸ - ۵۴۱

۳- اس اعتراض کا جواب کہ مرزا متفرق مواضع کے مباحثات میں شرمندہ اور لاجواب ہوا اور ہر مجمع میں خائب وخاسر اور نامراد رہا۔ یہ ہے کہ لعنۃ اللہ علی الکاذبین۔ اور مسئلہ وفات مسیح کا ذکر کہ نقلی اور عقلی طور پر اتمام حجت کی اور میرے ہاتھ پر سَو کے قریب نشان ظاہر ہوا۔ ہمیشہ نبی اور راستباز شریر لوگوں سے ایسے ہی الفاظ سُنتے رہے ہیں اور مسلمانوں میں آپکی دعوت کو قبول کرنے کے لئے ایک جوش کا پایا جانا ص ۵۴۱ - ۵۴۴

۴۔ اعتراض:۔ مباہلہ میں کما حقہ علی رؤس الاشہاد رسوا اور ذلیل ہو کر قابل خطاب اور لائق جواب علماء و عظام صوفیہ نہیں رہا۔ اور اس کا تفصیلی جواب کہ ہمارے اقبال اور ترقی اور تمہارے ادبار اور تنزل کا دن مباہلہ کا دن ہی تھا۔ اس کے بعد جو تائیدات الٰہیہ ظاہر ہوئیں ان میں سے چند یہ ہیں:۔

(ا) مباہلہ کے میدان میں ہی جبکہ دونوں فریق موجود تھے تمہاری جماعت میں سے منشی محمد یعقوب برادر حافظ محمد یوسف نے قسم کھا کر رو رو کر مولوی عبداللہ غزنوی کی یہ شہادت سنائی۔ ایک نور آسمان سے اترا ہے اور وہ مرزا غلام احمد قادیانی ہے گویا تمہیں تمہارے استاد کی گواہی سے تمہاری جماعت کے آدمی کے ذریعہ خدا تعالیٰ نے رسوا کر دیا۔ ص۵۴۶، ۵۴۷ و ص۵۶۳

(ب) مباہلہ کے بعد جو سلسلہ کے لئے مجھے مالی فتوحات حاصل ہوئیں۔ وہ روپیہ تیس ہزار سے کم نہ تھا ص۵۴۷

(ج) مباہلہ کی تاثیر کا نشان تیس ہزار کی جماعت کا میرے ساتھ شامل ہونا ہے جو مباہلہ سے پہلے صرف تین سو کے قریب تھی ص۵۴۷ و ص۵۴۸

(د) آتھم کا وفات پا کر ہمیشہ کے لئے اسلامی مخالفت کو ختم کر کے دنیا سے رخصت ہو جانا ص۵۴۷

(ھ) لیکھرام کے قتل کا نشان ظاہر ہوا جس پر تخمیناً تین ہزار مسلمان اور ہندوؤں نے اس پیشگوئی کے پورا ہونے کی ایک محضر نامہ پر یہ گواہی اپنے قلم سے ثبت کی ص۵۴۷

(و) عظیم الشان قبولیت کا زمین پر پھیل جانا اور بڑے بڑے امراء اور تجار وغیرہ کا جماعت میں داخل ہونا ص۵۴۸

(ز) پھر اس پیشگوئی کا پورا ہونا کہ عبدالحق غزنوی نہیں مرے گا جب تک میرا چوتھا بیٹا پیدا نہ ہو ص۵۴۹

(ح) حلفیہ بیان کہ میری عزت اور قبولیت مباہلہ سے پہلے ایک قطرہ کے موافق تھی اور اب مباہلہ کے بعد ایک دریا کے مانند ہے ص۵۴۸

۵۔ اس اعتراض کا جواب کہ آتھم اور داماد مرزا احمد بیگ اور آپ کے فرزند موعود کا کوئی نتیجہ ظہور میں نہ آیا:۔

(ا) آتھم سے متعلق پیشگوئی شرطی تھی اور شرط کے مطابق پوری ہو گئی۔ پھر آتھم سے مقابلہ میرے دعویٰ کے متعلق نہ تھا۔ وہ عیسائی دین کو سچا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو نعوذ باللہ مفتری کہتا اور قرآن کے کلام اللہ ہونے کا منکر تھا اور میں کہتا تھا کہ عیسائی مذہب اپنی اصلیت پر قائم نہیں۔ تثلیث کفارہ وغیرہ سب باطل ہیں۔ اگر پیشگوئی جھوٹی نکلی اور عیسائیوں کی فتح ہوئی تو تمہیں عیسائی ہو جانا چاہیئے۔ نیز آتھم کے رجوع الی الحق کا ثبوت اور یہ کہ پیشگوئی سننے کے وقت اس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دجال کہنے پر پشیمانی کا اظہار کیا تھا اور

دیگر ثبوت ص ۵۴۹ - ۵۵۴

(ب) آتھم اور لیکھرام دو قوموں سے اسلام کے مقابل پر اُٹھے۔ انہیں آسمانی فیصلہ سُنایا گیا کہ جو شخص جھوٹے مذہب پر ہوگا وہ سچے مذہب پر قائم فریق سے پہلے مرجائے گا اور وہ دونو میری زندگی میں مَر گئے ص ۵۵۲

(ج) آتھم کی پیشگوئی اس کے ڈرنے کی وجہ سے جمالی رنگ میں اور لیکھرام کی اس کی بیباکی اور شوخی کی وجہ سے جلالی رنگ میں ظاہر ہوئی ص ۵۵۳-۵۵۴

(د) احمد بیگ پیشگوئی کے مطابق مرگیا۔ اس کا داماد پیشگوئی میں شرط کی وجہ سے مہلت دیا گیا۔ کیونکہ احمد بیگ کی موت سے وہ ڈر گئے اور شرط سے فائدہ اُٹھایا۔ یہ پیشگوئی بھی آتھم کی پیشگوئی کی طرح شرطی تھی۔ اگر نہ بھی ہوتی تو وعید ہونے کی وجہ سے یُونس نبی کی پیشگوئی سے مشابہ ہوتی ص ۵۵۴

(ھ) فرزند موعود کا جواب

اوّل خدا نے وعدہ کے موافق مجھے چار لڑکے عطا فرمائے اور ہر ایک کے پیدا ہونے سے پہلے خاص وحی سے بشارت دی ص ۵۵۵ و ص ۱۵۴ مع حاشیہ ص ۱۵۲-۱۵۳ وحاشیہ ص ۲۸۹-۲۹۱

دوم۔ عبدالحق نے اشتہار دیا کہ اس کے لڑکا ہوگا۔ وہ کہاں ہوا۔ کاش مردہ ہی پیدا ہوتا۔ میں نے کوئی ایسا الہام نہیں لکھا جس میں ذکر ہو کہ اس سال میں یا اس الہام کے قریب حمل سے وہ لڑکا پیدا ہوگا کبھی اجتہادی غلطی ہوجاتی ہے ص ۵۵۵

۶۔ اس اعتراض کا جواب کہ مرزا یقیناً جانتا ہے کہ اس فضول کام کے لئے کسی نے نہیں آنا ہے مفت میں میری شیخی مشہور ہوجائے گی۔ کیا دین کا کام فضول ہے جس سے ہزارہا جانیں جھوٹ اور ضلالت سے نجات پاتی ہیں۔ نذیر حسین دہلوی باوجود پیرانہ سالی شیخ محمد حسین بٹالوی کے لڑکے کی شادی پر بٹالہ آیا یا سیالکوٹ کے ضلع تک گیا۔ بجز کھانے پینے کے اور کیا غرض تھی۔ لیکن ہم خدا کی حجت پوری کرنے کے لئے ایسے علماء کو کرایہ دینے کے لئے بھی تیار ہیں ص ۵۵۶-۵۵۷

۷۔ اس استہزاء کا جواب کہ اسے نئے عیسائیو اور نیا گرجا بنانے والو۔ ہم ایک سہل اور نہایت آسان طریق بتاتے ہیں وہی کہ مولوی عبدالکریم صاحب کی ٹانگ کی کمزوری اور آنکھ کی بصارت کا خلل دُور کردو۔ یہ ہے کہ

(ل) کفار نے بھی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے ایسے نشانات مانگے تھے اور ان کی مثالیں۔ اور الزامی جواب۔ اور مسیحؑ نے اقتراحی نشان مانگنے والوں کو بد اور حرامکار کہا اور ایک شیطان نے بھی ایسا ہی نشان مانگا تھا اور دوسرے نشانات کا مطالبہ ص ۵۵۷-۵۶۱

(ب) خدا تعالےٰ میرے ہاتھ پر نشان اس سُنت

۔کے موافق ظاہر کرتا ہے جو قدیم سے اپنے مامورین سے دکھتا ہے۔ سُنّت کے التزام سے اگر کوئی شیطان بن کر بھی آوے اُسے الٰہی نشانوں سے قائل کر دیا جائے گا ص۵۵۹

(ج) آپ ایک جماعت لنگڑوں۔ لُولوں۔ اندھوں۔ کانوں اور دوسرے بیماروں کی لے آؤ۔ پھر قرعہ اندازی کے طریق پر ان میں سے جس جماعت کو خدا میرے حوالے کریگا اگر ان میں مغلوب رہا تو تمہاری گالیوں کا مستحق ہوں گا ورنہ تمہاری گالیاں تم پر آئیں گی ص۵۵۹ نیز دیکھو "نشانات"

۸۔ اس اعتراض کا جواب کہ مرزا اور مرزائیوں کو قیامت اور حساب اور جنّت اور دوزخ پر ایمان نہیں، دہریہ معلوم ہوتے ہیں۔ یہ ہے

(ا) میں نے مسیح کی وفات کا ثبوت آیت فلمّا توفیتنی سے دیا اور یہ کہ توفی کے معنے قبض رُوح کے ہیں اور حدیث معراج اور مسیح کی عمر کا ایک سو پچیس برس ہونا حدیث سے اور دوسرے ملک میں جانا حدیث کنز العمال سے ثابت کیا اور امامکم منکم۔ اگر اس کا جواب ہے تو پیش کرو ورنہ تم مفتری ہو ص۵۶۲-۵۶۳

(ب) اگر میں مفتری ہوں اور مجھے قیامت وغیرہ پر ایمان نہیں تو تو اپنے اُستاد عبداللہ غزنوی کو کیا سمجھیگا جس نے مجھے سچا اور منجانب اللہ اور مظہر نور الٰہی قرار دیا۔ اسی طرح تمہارے استاد کے مرشد میاں صاحب کوٹھہ والے بھی قریب موت کے یہ وصیت کر گئے تھے کہ مہدی پیدا ہو چکا ہے اسی طرح تمہارے استاد کا یہ کشف ہو کر ایک نور آسمان قادیان پر نازل ہوا۔ اور میری اولاد اس سے محروم رہ گئی تو بتاؤ انہیں قیامت وغیرہ پر ایمان کیونکر ہوگا ص۵۶۳-۵۶۶

۹۔ اس اعتراض کا جواب کہ "مرزا کی کتابیں اس قسم کے جھوٹ اور افتراؤں سے بھری ہوئی ہیں" اس تقریر کا ماحصل یہ ہے کہ عبداللہ غزنوی نے ایسے مفتری کا نام صادق اور منجانب اللہ رکھ کر جھوٹ اور افترا سے کام لیا ص۵۶۶-۵۶۷

۱۰۔ اس اعتراض کا جواب کہ تین جھوٹ بولے اوّل کہ حدیث بخاری میں توفیتنی کے معنے امتنی بیان ہوئے ہیں۔

جواب۔ میرے الفاظ سے ظاہر ہے کہ اصل مقصود احادیث کا خلاصہ مضمون یا حاصل مطلب لکھنا ہے اصل لفظ نہیں۔ بخاری نے متوفیك کے معنے ممیتك ذکر کرکے فلما توفیتنی کی آیت کا بغرض تظاہر آیتین ذکر کرکے بتلایا ہے کہ یہی تفسیر توفیتنی کی ہے۔ قرآن مجید میں صدق باعتبار التأویل والمآل کی مثالیں۔ باوجود ترتیبی اور فصاحتی اختلاف کے کافروں کی طرف اور توریت کی طرف اقوال منسوب کئے گئے ہیں ص۵۶۷-۵۷۱ نیز دیکھو "صدق"

دُوسرا جھوٹ یہ کہنا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے پہلے کوئی نبی ایسا نہیں گذرا جو فوت نہیں ہوگیا سراسر جھوٹ ہے قرآن میں خلت من

قبله الرسل ہے یعنی آپ سے پہلے پیغمبر گذرے
ص ۵۷۱ - ۵۷۲

جواب (ا) گذرنے سے مراد مرنا بھی ہوتا ہے جیسے فلاں بیمار گذر گیا۔ پھر شیخ سعدی کا شعر اور عربی شعر اور تفاسیر کے حوالے اپنی تائید میں پیش کئے ہیں اور خود آیت نے افأن مات او قتل سے خلت کی تفسیر کر دی ہے ص ۵۷۲

(ب) اگر قرآن شریف کی کسی آیت یا کسی حدیث قوی یا ضعیف یا موضوع یا کسی قول صحابی یا امام یا جاہلیت کے خطبات یا دواوین اور ہر قسم کے اشعار یا اسلامی فصحاء کے نظم یا نثر سے خلت کے معنوں میں سے کسی کا مع جسم عنصری آسمان پر جانا بھی ثابت کر دیں تو میں ایک ہزار روپیہ بطور انعام دوں گا ص ۵۷۲ - ۵۷۶

تیسرا جھوٹ۔ حضرت مسیحؑ اور تمام نبیوں کی موت پر اجماع ہو جانا یہ بھی سفید جھوٹ ہے ص ۵۷۵

جواب۔ حضرت ابوبکرؓ کی خلافت پر صحابہ کے اجماع سے افضل واعلیٰ اجماع مسیحؑ اور گذشتہ نبیوں کی موت پر ہوا تھا۔ بخاری کی حدیث جس میں حضرت ابوبکرؓ کا آیت وما محمدٌ الا رسول قد خلت من قبله الرسل سے آنحضرتؐ کی وفات پر استدلال کا ذکر ہے۔ گو حضرت ابوبکرؓ کی خلافت کی بیعت کرنے میں بعض صحابہ کو توقف اور تردد ہوا لیکن حضرت ابوبکرؓ کے استدلال پر کسی صحابی نے اعتراض نہیں کیا۔ اور قسطلانی نے حضرت عمرؓ کا قول ما مات رسول اللّٰہ ولا یموت حتیٰ یقتل المنافقین اور ملل ونحل میں شہرستانی نے حضرت عمرؓ کا یہ قول نقل کیا ہے وانما رفع الی السماء کما رفع عیسی ابن مریم اور حضرت ابوبکرؓ کا ان سب خیالات کی تردید کے لئے آیت قد خلت پڑھنا اور تمام صحابہ کا جیسے کہ بخاری کی روایت "کلهم" سے ظاہر ہے مسیحؑ اور گذشتہ تمام انبیاء کی وفات پر اجماع ہونے پر لطیف بحث ص ۵۷۷ - ۵۸۶ و ص ۵۹۱ - ۵۹۲

نیز دیکھو "مسیح موعود" کی حضرت ابراہیم سے مشابہت

افغان

(ا) یہ لفظ عبرانی معلوم ہوتا ہے بمعنی بہادر۔ حضرت مسیحؑ افغانستان سے پنجاب اور ہندوستان اور پھر کشمیر آئے ص ۶۹

(ب) افغان کے بنی اسرائیل سے ہونے کا ثبوت ص ۷ و ص ۹۵ - ۱۰۷

(ج) افغان کی اولاد میں سے ابدالی فرقہ کے چوبیس قبائل کے اسماء ص ۱۰۰

اقتراحی نشانات دیکھو "نشانات"

الہامات

(ا) ملہمین کو کبھی اجتہادی طور پر بھی اپنے الہام کے معنے کرنے پڑتے ہیں۔ مجھے ایسے الہام کئی دفعہ ہوتے ہیں جن کے مدت کے بعد معنے کھلتے ہیں جیسے انا اخرجنالک زروعا یا

نتوفینك یعنی جو کچھ تیرے ظہور کی اصل مدعا یعنی کسرِ صلیب دلائل عقلیہ و رُوحانیہ ہے اس سے بہت کچھ تیری زندگی میں ہی ظاہر ہو جائیگا ص ۳۵۶

۷۱۔ عجل جسد لہ خوار لہ نصب وعذاب ص ۳۷۹

۷۲۔ بشرنی ربی بموته فی ست سنة ص ۳۸۷

۷۳۔ ستعرف یوم العید والعید اقرب ص ۳۹۷

۷۴۔ فستذکرون ما اقول لکم و افوض امری الی الله ص ۴۱۵

۷۵۔ الہامات۔ ان الذین یصدون عن سبیل الله سینالھم غضب من ربھم۔ ۔ ۔ أتعجب لامری۔ ۔ ۔ جزاء سیئة سیئة بمثلہا و ترھقہم ذلة ۔ ۔ ۔ الی ۔ ۔ محسنون ص ۴۲۵

۷۶۔ آید آں روزے کہ مستخلص شود ص ۴۵۱

۷۷۔ یآدم اسکن انت و زوجك الجنة ص ۴۷۶ و ص ۴۷۸ و ص ۴۷۹

۷۸۔ اردت ان استخلف فخلقت آدم ص ۴۷۵

۷۹۔ ایتہا المرأة توبی توبی فان البلاء علی عقبك ص ۵۵۷

امہات المومنین

اس کتاب کی اشاعت کے وقت مسلمانوں نے گورنمنٹ کو جتلایا ہم اس کا جواب لکھنا نہیں چاہتے صرف اس کے مصنف کو سزا دلانا چاہتے ہیں جس میں انہیں ناکامی ہوئی ص ۱۵۷-۱۵۸

انجیل جمع اناجیل

۱۔ محقق شارحین کے نزدیک انجیلوں کے دو حصے ہیں۔ ایک دینی تعلیم جو حواریوں کو مسیح سے ملی جو اصل روح انجیل ہے۔ دوسرے تاریخی واقعات جیسے حضرت مسیح کا شجرہ نسب، ان کا پکڑا جانا۔ ان کا مارا جانا، مسیح کے وقت ایک معجزنما تالاب کا ہونا وغیرہ یہ باتیں الہامی نہیں ص ۲

۲۔ مبالغہ آمیز کلام۔ مثلاً جس قدر مسیح نے کام کئے یعنی معجزات دکھائے اگر وہ کتابوں میں لکھے جاتے تو وہ کتابیں دنیا میں سما نہ سکتیں ص ۳

۳۔ کوئی عبرانی انجیل عیسائیوں کے پاس موجود نہیں چار انجیلیں بہت سی انجیلوں میں سے انتخاب کی گئیں جن کو بعض یونانیوں نے حضرت مسیح کے پیچھے بنا کر ان کی طرف منسوب کر دیا۔ اور مسیح کو ایک یونانی آدمی تصور کیا حالانکہ ان کی مادری زبان عبرانی تھی نہ یونانی اور لاطینی ص ۱۴۱-۱۴۲

۴۔ ان انجیلوں کی پیروی سے خدا کا جلال ہرگز کسی شخص کو نہیں ملتا اور نہ ہی انجیلوں میں ایمان کی مذکورہ علامات کسی عیسائی میں پائی جاتی ہیں ص ۱۴۲

انسان

اپنی باتوں سے ایسا ہی پہچانا جاتا ہے جیسے درخت اپنے پھلوں سے ص ۵۲۱

انگریزی گورنمنٹ

۱۔ ملازمت پیشہ حکومت کے پاس میرے خلاف جھوٹی

خبریں پہنچاتے اور مجھے حکومت کا باغی ٹھہراتے ہیں حالانکہ میں نے اس حکومت کی تعریف اور اطاعت کے بارے میں اس قدر کتابیں اشتہار اور رسائل شائع کئے ہیں کہ اگر اکٹھے کئے جائیں تو پچاس الماریاں بھر سکتی ہیں ص۱۵۵

۲۔ خدا تعالیٰ نے اپنے خاص فضل سے میری اور میری جماعت کی پناہ اس سلطنت کو بنایا ہم گواہ ہیں کہ اسلام کی دوبارہ زندگی انگریزی سلطنت کے امن بخش سایہ سے پیدا ہوئی ہے ص۱۵۶

۳۔ انگریزی گورنمنٹ کے عدل و انصاف کا ذکر جو ہر ایک قوم اور فرقہ کو مساوی آنکھ سے دیکھ کر ان کی حق رسی میں مشغول ہے اور اس کی خدمت میں درخواست ص۴۸۶۔ دیکھو "درخواست"

۴۔ انگریزی حکومت اور سکھوں کے عہد حکومت کا مقابلہ کہ سکھوں کے عہد حکومت میں مسلمان فرائض مذہبی کی بجا آوری اور اذان دینے سے روکے گئے تھے اور گائے کے ذبح کرنے پر قتل کے واقعات اور مساجد کی بے حرمتی اور اس کے مقابل انگریزی حکومت کا فرائض مذہبی بجا لانے میں پوری آزادی دینا۔ مال وجان و آبرو کی حفاظت اور مذہبی معابد کا احترام کرنا وغیرہ ص۶۰۵ - ۶۰۸ و ص۶۲۴

۵۔ خدا تعالیٰ کی ہم پر بہت رحمتیں ہیں

(ا) اس نے ہمیں جلتے تنور سے نکالا۔ سکھوں کا زمانہ ایک آتشی تنور تھا اور انگریزوں کا قدم رحمت و برکت کا قدم ہے ص۶۰۸

(ب) ہوشیارپور میں ایک مؤذن کے اونچی آواز دینے کا واقعہ اور بڑے بڑے رئیس نہایت ڈپٹی کمشنر کے پاس شاکی ہوئے کہ ہمارے آٹے اور برتن بھرشٹ ہو گئے۔ اس نے اپنے سامنے اذان دلوائی۔ پھر کہا کہ ہمیں تو اس سے کوئی ضرر نہیں پہنچا اور مؤذن سے کہا جاؤ جس طرح چاہو اذان دو ص۶۰۹

(ج) اسی طرح قادیان میں ایک کاردار کی موجودگی میں ایک مسلمان سپاہی کا زور سے اذان دلوانے کا واقعہ اور ہندوؤں کا شور وغل اور آخر کاردار کا کہنا کہ اب تو لاہور میں کھلے طور سے گائے ذبح ہوتی ہے تم اذان کو روتے ہو ص۶۰۹ - ۶۱۰

(د) اس حکومت کے ذریعہ جہالت دُور ہوئی۔ علم کی اشاعت ہوئی۔ صحیح بخاری کی زیارت کے لئے دعائیں کرتے تھے۔ اب دو چار روپے میں ملتی ہے۔ دو واقعات کا ذکر ص۶۱۰ - ۶۱۱

(ھ) ایک برکت تائید دین کے لئے اس گورنمنٹ کے عہد میں یہ ہوئی کہ مذہب کی اشاعت کی آزادی کی وجہ سے عقلی قویٰ اور ذہنی طاقتوں میں اور علم کلام میں بڑی ترقی ہوئی۔ اب اگر کوئی روم یا شام کا رہنے والا خواہ کیسا ہی عالم فاضل کیوں نہ ہو آجائے تو وہ عیسائیوں یا آریوں کے اعتراضات کا جواب نہ دے سکے گا کیونکہ آزادی

ب

قصہ ہے اس ظالمانہ سلوک کو ہم گوتم بدھ کی طرف منسوب نہیں کر سکتے صـ۸۹

(ج) بُدھ کا شیطان۔ دوزخ۔ جنت وغیرہ پر ایمان تھا اور اس کی تفصیل صـ۹۱ - ۹۲

براہین احمدیہ اور نزول مسیح

براہین احمدیہ میں قبل قطعی علم جو خدا سے منکشف ہوا۔ اپنے خیال سے یہی لکھا گیا تھا کہ خود عیسیٰؑ دوبارہ آئیں گے مگر خدا نے اپنی متواتر وحی سے اس عقیدہ کو فاسد قرار دیا اور مجھے کہا کہ تو ہی مسیح موعود ہے صـ۸۵

برنباس

انجیل میں لکھا ہے کہ مسیح مصلوب نہیں ہوا اور نہ صلیب پر مرا ہے صـ۲۱

بروز

(ا) اہل حقیقت و معرفت کے نزدیک مراتب وجود دوریہ ہے۔ یعنی نوع انسان میں سے بعض بعض کی خو اور طبیعت پر آتے رہتے ہیں جیسے الیاس یحییٰ نبی کی اور ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم حضرت ابراہیمؑ کی خو اور طبیعت پر آئے۔ ضروری تھا کہ مرتبہ آدمیت کی حرکت دوری زمانہ کے انتہا پر ختم ہوتی۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے راقم کو آخری زمانہ میں آدم کے قدم پر پیدا کر کے میرا نام الہام میں آدم رکھا اور زمین سے رُوحانی انسانوں سے خالی ہونے کے وقت خدا نے خود روحانی باپ بن کر آدم کو پیدا کیا اور ظاہری پیدائش کی رُو سے اسی طرح نر اور مادہ پیدا کیا جس طرح پہلا آدم ہوا تھا اور یہ انتہائی آدم جو مہدی کامل اور خاتم ولایت عامہ ہے پہلے آدم کے مقابلہ پر جو پہلا مولود تھا۔ خاتم الاولاد ہوا۔ الہام یا آدم اسکن انت و زوجك الجنّة میں اسی طرف اشارہ ہے صـ۴۷۵ - ۴۷۹

(ب) مشابہتیں۔ جس طرح آدم کی پیدائش زوج کے طور پر تھی ایک مرد اور ایک عورت۔ اسی طرح میری پیدائش ہوئی۔ میرے ساتھ لڑکی پیدا ہوئی جس کا نام جنّت تھا۔ وہ پہلے ہوئی۔ اور میں اپنے والدین کے لئے خاتم الاولاد تھا۔ پھر جیسے آدم نے خدا سے ہدایت پائی ایسے ہی بعض اہل کشف نے مہدی خاتم الولایت کے متعلق لکھا ہے کہ وہ خدا سے براہ راست ہدایت پائے گا اور ان علوم و اسرار کا حامل ہوگا جن کا آدم خدا سے حامل ہوا صـ۴۷۹ - ۴۸۰

(ج) اس آخری آدم کا نام عیسیٰ رکھنے میں یہ اشارہ ہے کہ حضرت عیسیٰؑ کو بھی آدم صفی اللہ کے ساتھ ایک مشابہت تھی لیکن آخری آدم جو بروزی طور پر عیسیٰ بھی ہے آدم صفی اللہ سے اشد مشابہت رکھتا ہے اور گو آدم صفی اللہ کے کئی بروزات تھے لیکن یہ آخری بروز اکمل اور اتم ہے صـ۴۸۰ - ۴۸۱

(د) تمام ربانی کتابیں مسئلہ بروز کی قائل ہیں صـ۴۸۱

لڑکوں کی پیدائش کی طرف اشارہ تھا صفحہ ۱۴۶-۱۴۷
و صفحہ ۱۵۱ و صفحہ ۱۵۲

۳- پیشگوئی ڈپٹی عبداللہ آتھم کا ذکر۔ مخالفوں کے اعتراض کا کہ پندرہ ماہ میں فوت نہیں ہوا جواب اور آتھم کے رجوع کا ثبوت اور چار ہزار روپیہ انعام دیا جائیگا اگر وہ قسم کھائے کہ اس نے اسلام کی طرف رجوع نہیں کیا۔ پیشگوئی میں رجوع کے ذکر سے اس نے فائدہ اٹھایا۔ لیکھرام کی پیشگوئی میں رجوع کی شرط نہ تھی اس لئے اسے تاخیر نہ ملی۔ یہ دو نو پیشگوئیاں جمالی اور جلالی رنگ میں ہیں۔ بعض اور پیشگوئیوں کا ذکر جلسہ مذاہب میں مضمون کے بالا رہنے کی اور مقدمہ اقدام قتل میں بری ہونے کی پیشگوئی۔ اور پیشگوئی کہ میں تجھے ایک نامور انسان بناؤں گا تیری محبت دلوں میں ڈالوں گا اور لوگ تیرے پاس دُور دُور سے آئیں گے اور تفصیل وقوع۔ اسّی برس کے قریب عمر ہونے سے متعلق پیشگوئی۔ براہین میں تین ابتلاؤں کی پیشگوئی اور اس کی تفصیل۔ اسی طرح پنڈت دیانند کی موت سے چھ ماہ قبل موت کی خبر دی۔ شرمپت کے بھائی بشمبر داس کی نصف قید رہنے کے متعلق پیشگوئی کا ذکر وغیرہ اور پسر موعود کی پیشگوئی پر اعتراض کا جواب صفحہ ۱۴۸-۱۵۲ مع حاشیہ صفحہ ۱۵۲-۱۵۳ وحاشیہ صفحہ ۲۸۹-۲۹۲ اور پیشگوئی متعلقہ لیکھرام اور چار ہزار مصدقین میں سے ۷۶ کے اسماء مع پتہ وعبارت تصدیق

کہ موت لیکھرام پیشگوئی کے مطابق ہوئی صفحہ ۱۴۷-۱۹۱

پیشگوئیاں مندرجہ ضمیمہ تریاق القلوب [۱]

۱- سردار محمد حیات خاں کی معطلی اور اس پر مقدمہ اور آپ کی دُعا سے بَری ہونے کی پیشگوئی۔ خواب میں کہنا کہ خدا تم کو اس بلا سے نجات دیگا اور اس کا ثبوت صفحہ ۱۹۲-۱۹۳

۲- آریہ شرمپت کے بھائی بشمبر داس کا مقدمہ فوجداری میں قید ہونا اور شرمپت کی درخواست پر اس کے لئے دُعا اور پھر خواب میں دیکھنا کہ اس کی نصف قید رہ جائے گی اور اس کا ساتھی خوشحال پُوری قید بھگتے گا اور اس سے متعلق بَری ہونے کی غلط خبر مشہور ہونے پر الہام لا تخف انّک انت الاعلیٰ اور ایسا ہی ہوا صفحہ ۱۹۳-۱۹۵

۳- پنڈت دیانند سرسوتی کی موت سے تین ماہ پہلے اس کی موت کی خبر دینا صفحہ ۱۹۵

۴- آریہ ملاوامل کا تپ دق میں مبتلا ہونا اور اس کے حق میں دعا اور اس پر الہام اور اس کا شفا پانا صفحہ ۱۹۵-۱۹۶

۵- الہام تری فخذاً الیماً کے ہونے کے معاً بعد دو گھوڑے سواروں کا آنا اور ایک کی ران میں سخت درد کا ہونا اور علاج پوچھنا صفحہ ۱۹۶

۶- کشف میں خدا تعالےٰ دیکھنا اور سُرخ سیاہی کے قطروں کا آپ کی قمیص پر گرنا صفحہ ۱۹۷

۷- والد صاحب کی وفات سے پہلے عزاپرسی کے

طور پر والسّماء والطارق کا الہام اور اس
کے بعد الیس اللّٰہ بکافٍ عبدہٗ کا الہام
ہونا۔ اس الہام کا مہر میں کندہ کروانا اور اس
کے پورا ہونے کا ذکر صـ ۱۹۸-۱۹۹

۸۔ دو ہزار مرتبہ سے بھی زیادہ ایسا ہوا کہ خدا تعالیٰ
نے میری حاجت کے وقت الہام یا کشف کے
ذریعہ روپیہ آنے سے متعلق خبر دی اور بعض
وقت بھیجنے والے کا نام اور تاریخ بھی بتادی
اور ویسے ہی واقع ہوا صـ ۱۹۹-۲۰۰

۹۔ الہام نبشرك بغلام حسین جبکہ پہلی بیوی
سے اولاد کا ہونا موقوف ہو چکا تھا۔ پھر شادی
ہوئی۔ تین لڑکے ہوئے اور وہ لڑکا بھی دیا۔
صـ ۲۰۰-۲۰۱

۱۰۔ بکر و ثیب کا الہام۔ دو عورتیں نکاح میں
آئیں گی ایک بکر ہوگی اور دوسری بیوہ صـ ۲۰۱

۱۱۔ سادات میں شادی کے متعلق الہام۔ ہر چہ باید
نوعروسے را ہمہ ساماں کنم۔ اور اس کی اطلاع
پانے پر مولوی محمد حسین کا فکر کرنا کہ کمزوری کی
وجہ سے شادی کے لائق نہ تھے۔ لیکن اولیاء اللہ
کی خوارق اور روحانی قوتوں کا منکر نہیں
صـ ۲۰۱-۲۰۲

۱۲۔ نواب محمد علیخان جھجر کی سرائے کی بیکاری کے
سلسلہ میں ان کا دعا کے لئے خط لکھنا اور اس
خط کے پہنچنے سے پہلے حضور کو اس کے مضمون
سے اطلاع دیئے جانا اور پھر پیشگوئی کا عجیب
رنگ میں پورا ہونا صـ ۲۰۲-۲۰۶

۱۳۔ راجہ جہاندا دخاں کا ایک نشان کے پورا ہونے
پر بیعت کرنا صـ ۲۰۶

۱۴۔ اپنے ایک زمینداری مقدمہ کے متعلق خواب کہ
جھنڈا سنگھ دخیلکار کے خلاف ڈگری ہو گئی
ہے۔ جھنڈا سنگھ کے کہنے پر شرمپت نے مسجد
میں آکر یہ خبر مجھے دی کہ مقدمہ خارج ہو گیا
ہے۔ تب ایک غیبی آواز آئی۔ ڈگری ہو گئی ہے۔
معلوم ہوا کہ جس حکم کی بنا پر تحصیلدار نے مقدمہ
خارج کیا تھا وہ حکم کمشنر کے حکم سے منسوخ ہو
چکا تھا اس لئے اس نے پہلا فیصلہ چاک کر کے
دوسرا فیصلہ ڈگری کا لکھا صـ ۲۰۶-۲۰۸

۱۵۔ آخری وقت سمجھ کر جب شدت مرض میں مجھے تیسری
مرتبہ سورہ یٰس سنائی گئی تو خدا تعالیٰ نے دوسرے
نبیوں کی طرح مجھے یہ دعا سکھائی۔ سبحان اللہ
وبحمدہ سبحان اللہ العظیم۔ اللّٰھم صلّ
علٰی محمّد وآلِ محمّد۔ اور اس کا علاج الہاماً
بتایا گیا اور اس کے مطابق شفا ہوئی صـ ۲۰۸-۲۰۹

۱۶۔ اعظم بیگ اکسٹرا اسسٹنٹ نے ہمارے بعض
بے دخل شرکاء کے حصے خرید کر ان سے ملکیت
قادیان کے مقدمے کرائے۔ گو میرے بھائی غلام قادر
کو اپنی فتحیابی پر بہت یقین تھا۔ میں نے دعا
کی تو الہام ہوا اجیب کل دعائك الا فی
شرکائك۔ میں نے تمام عزیزوں کو الہام
سنایا۔ مگر انہوں نے مقدمہ جاری رکھا۔ آخر

چیفکورٹ میں فاش شکست ہوئی ص۲۰۹-۲۱۰

۱۷- مرزا غلام قادر سخت بیمار رہ کر مشت استخواں ہو گئے اور خواب دیکھا جس کی تعبیر وفات پانا تھی۔ تب میں نے ان کی شفا کے لئے جناب الٰہی میں توجہ کی۔ اس سے تین مقصد تھے:۔

۱- آیا ایسی دعا جناب الٰہی میں قبول ہوتی ہے یا نہیں۔ ۲- کیا قانون قدرت میں ہے کہ ایسے بیمار کو بھی اچھا کر دے۔ ۳- کیا ایسی منذر خواب بھی رد ہو سکتی ہے۔ تھوڑے ہی دن دعا کرتے گزرے تھے کہ میرے بھائی تندرست ہو گئے اور پندرہ برس پوری تندرستی کے ساتھ زندہ رہے ص۲۱۰-۲۱۱

۱۸- جب مرزا غلام قادر صاحب کی وفات کا وقت قریب آیا تو مجھے خواب میں دکھایا گیا کہ اب بہت جلد وفات پانے والے ہیں چنانچہ ایسا ہی ہوا ص۲۱۱-۲۱۲

۱۹- سیٹھ عبدالرحمٰن حاجی اللہ رکھا تاجر مدراس کی غم سے رہائی کے لئے دعا کے بعد بشارت بذریعہ الہام ص۲۱۲

۲۰- سعداللہ لدھیانوی کے حضرت مولوی نورالدین صاحب کے لڑکے کی وفات پر اعتراض کے بعد نعم البدل کے لئے دعا کی تو نیند غالب آگئی اور خواب میں مولوی صاحب کی گود میں لڑکا کھیلتے دیکھا اس وقت الہام بھی ہوا کہ لڑکا پیدا ہوگا اس کے پانچ سال بعد عبدالحی پیدا ہوا ص۲۱۲-۲۱۳

۲۱- مبارک احمد کی پیدائش اور الہام انّی اسقط من اللہ واصیبہٗ ص۲۱۳-۲۱۴

۲۲- پہلے لڑکے محمود کی پیدائش کی نسبت کشفی طور پر خبر دی گئی اور مسجد کی دیوار پر اس کا نام لکھا ہوا پایا "محمود" ص۲۱۴

۲۳- دوسرے لڑکے بشیر کے پیدا ہونے کی بشارت الہام سیولد لک الولد ص

۲۴- تیسرے لڑکے شریف احمد کی بشارت پیدائش سے نو ماہ پہلے انا نبشرک بغلام کے الفاظ میں دی ص۲۱۴-۲۱۵

۲۵(ا) چوتھے لڑکے مبارک احمد کی پیدائش کے متعلق پیشگوئی اور اس کی تفصیل بحوالہ انجام آتھم اور ضمیمہ اور الہام اصبر ملیا ساھب لک غلاما زکیا اور الہام ہوا رب اصلح زوجتی اور اس سے متعلق دیگر الہامات ص۲۱۵-۲۱۸

(ب) پنجاب اور ہندوستان بلکہ تمام دنیا میں اس پیشگوئی کی کوئی نظیر نہیں ملیگی کہ پہلے خدا تعالیٰ نے کسی کو چار لڑکوں کے پیدا ہونے کی اکٹھی خبر دی ہو۔ اور پھر ہر ایک کے پیدا ہونے سے پہلے اپنے الہام سے اس کے پیدا ہونے کی اطلاع دی ہو اور ان کتب اور اشتہارات کا ذکر جن میں یہ خبریں دی گئیں۔ سبز اشتہار یکم دسمبر ۱۸۸۸ء اور اشتہار ۱۰ جولائی ۱۸۸۸ء میں محمود کے پیدا ہونے کی پیشگوئی ہے اور اشتہار تکمیل تبلیغ میں اس کے پیدا ہو جانے کی خبر دی گئی ہے۔ اسی طرح

بقیہ لڑکوں کے متعلق ص ۲۱۸ - ۲۲۳

۲۶۔ جلسہ اعظم مذاہب لاہور منعقدہ ۲۶ - ۲۷ - ۲۸ دسمبر ۱۸۹۶ء میں مضمون کے غالب رہنے سے متعلق الہام اور ایسا ہی وقوع میں آنا اور ایک شخص کا سیالکوٹ سے خوشی میں ایک سو روپیہ بھیجنا اور اس سے متعلق اشتہار جو ۲۱ر دسمبر کو شائع ہوا۔ جس میں مضمون کے غالب رہنے سے متعلق الہام اور ایک کشف کا ذکر ہے جس میں ایک شخص نے باواز بلند کہا۔ اللہ اکبر خربت خیبر

ص ۲۲۳ - ۲۲۷

۲۷/۲۸ - براہین احمدیہ کی تالیف کے وقت عدم استطاعت کی حالت میں دعا کی تو جواب ملا بالفعل نہیں لیکن کچھ عرصہ گذرنے کے بعد اضطراب سے دُعا کی تو الہام ہوا ھزّ الیک بجذع النخلۃ تساقط علیک رطباً جنیا۔ چنانچہ اس کے بعد بارش کی طرح روپیہ آیا۔ ص ۲۲۸ - ۲۲۹

۲۹۔ الہام۔ عبداللہ خان ڈیرہ اسماعیلخان۔ یعنی اُن کا خط بھی آئے گا اور روپیہ بھی اور ایسا ہی وقوع میں آیا ص ۲۲۹

۳۰۔ الرحمٰن علّم القرآن کے الہام کے بعد کرامت اور نشان کے طور پر معارف قرآنیہ کا بطور خرق عادت سکھایا جانا اور زبان عربی میں بلاغت و فصاحت کا عطا ہونا اور عربی کتب اور بعض سورتوں کی تفسیر لکھنا اور کتب کے نام اور دُوسروں کو دعوت مقابلہ۔ میاں نذیر حسین دہلوی اور محمد حسین

بٹالوی کا ذکر ص ۲۳۰ - ۲۳۱

۳۱۔ الہام آیت ھو الذی ارسل رسولہ بالھدٰی ودین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ اور یہ کہ تو ہی اس آیت کا مصداق ہے اور پہلے اولیاء اور ابدال میں سے کسی نے اپنے تئیں اس پیشگوئی کا مصداق نہیں ٹھیرایا اور غیر مذاہب آریہ سماج وغیرہ پر اتمام حجت کا ذکر۔ خدا تعالیٰ کے متعلق آریہ سماج کے عقیدہ کی تردید اور مسئلہ نیوگ کا ذکر اور یہ کہ وہ خوارق و کرامات سے بےنصیب ہیں اور صرف اسلام ہے جس کی پیروی سے انسان کو خدا تعالےٰ کا قرب میسر آتا ہے اور اس کی برکت سے کرامات اور پیشگوئیاں انسان سے ظاہر ہوتی ہیں اور اپنے وجود کو پیش کر کے دعوت مقابلہ۔

عیسائیوں کی نسبت اتمام حجت دو طرق سے کتابوں کے ذریعہ جیسے براہین احمدیہ اور نور الحق وغیرہ۔ دوسرے نشانوں کے ذریعہ۔ تیسرے خون مسیح اور کفارہ کی غلطی بیان کی جس سے مسیح کو ملعون ماننا پڑتا ہے۔ صلیب پر سے زندہ اُتارے جانے کے لئے انجیلی دلائل۔ میرے ذریعہ سے کسر صلیب ہوگئی۔ اب کسی کا سر صلیب اور مسیح موعود کی انتظار بے سود ہے۔ خونی مسیح کے عقیدہ کی تردید۔

سکھوں پر اتمام حجت کہ باوا نانک وراصل مسلمان تھے۔ چولہ کا ذکر۔ اور دیگر حالات جو

باوا نانک صاحب کے مسلمان ہونے پر دلالت کرتے ہیں

تمام مذاہب کو آسمانی برکات اور نشان دکھانے کے لئے چیلنج اور یہ کہ آسمانی نشانوں اور قبولیتوں اور برکتوں میں میرا کوئی مقابلہ نہیں کرسکتا صـ ۲۳۱ - ۲۴۹

۳۲- براہین احمدیہ میں عیسائیوں کی طرف سے ایک فتنہ کی خبر جو آتھم سے متعلق پیشگوئی سے پوری ہوئی۔ اور اس کی تفصیل اور تین حملوں کا الزام کہ ان کے قتل کیلئے کئے گئے مگر اس نے نالش نہ کی۔ اور قسم کھانے پر چار ہزار روپیہ انعام کا وعدہ پھر ڈاکٹر مارٹن کلارک نے اقدام قتل کا الزام لگایا صـ ۲۴۹ - ۲۵۴

۳۳- انت وجیہ فی حضرتی . . . الیٰ . . . فان من تعان وتعرف بین الناس اور اس عظیم الشان پیشگوئی کا شان و شوکت سے پورا ہونا ہر طریقہ کے انسان دور دراز ملکوں سے میری جماعت میں داخل ہوئے صـ ۲۵۴ - ۲۵۵

۳۴- شیخ بہاؤالدین مدارالمہام ریاست جوناگڑھ کا بچاس روپے بھیجنا اور اللہ تعالےٰ کی طرف سے قبل از وقت اطلاع صـ ۲۵۵ - ۲۵۶

۳۵- لالہ بھیم سین کے وکالت کے امتحان میں پاس ہونے کی پیشگوئی اور اس کا وقوع صـ ۲۵۶

۳۶- خواب کے ذریعہ مہاراجہ تیجا سنگھ کی اطلاع ملنے پر لالہ بھیم سین کو بتائی جو اسی دن پوری ہوگئی صـ ۲۵۶ - ۲۵۷

۳۷- روپیہ کی سخت ضرورت کے وقت دعا کے جواب میں الہام - دس دن کے بعد موج دکھاتا ہوں اور پھر تمہیں امرتسر جانا ہوگا اور اس کا پورا ہونا صـ ۲۵۷ - ۲۵۸

۳۸- مولوی غلام علی قصوری کے شاگرد حافظ نور احمد منکر الہام کی موجودگی میں ایک الہام اور اس میں مندرجہ پیشگوئی کا پورا ہونا صـ ۲۵۸ - ۲۵۹

۳۹- حاجی ارباب محمد لشکر خاں کے قرابتی کے روپیہ آنے سے متعلق الہام اور اس کا پورا ہونا صـ ۲۵۹

۴۰- اپریل ۱۸۸۳ء میں صبح کے وقت بحالت بیداری جہلم سے روپیہ روانہ ہونے کی اطلاع دی گئی اور اس کا پورا ہونا صـ ۲۵۹ - ۲۶۰

